# ماڈیول ۵

## علم اور اللہ کا ذکر

اللہ نے فرمایا: "مجھے یاد کرو، میں تمہیں یاد کروں گا، اور میرا شکر ادا کرو اور کفر نہ کرو۔" (سورۃ البقرۃ، آیت 152)

جو اللہ نے ہم پر چیزیں فرض کی ہیں، جب ہم انہیں ادا کریں گے تو اللہ ہمیں اپنی خیر میں نوازے گا۔

## مجالسِ ذکر اور علم کا مقام

مجلسِ ذکر، اصل میں، مجالسِ علم ہے جہاں اللہ کی کتاب اور تعلیمات کا مدارسہ ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو لوگ اللہ کے گھروں میں جمع ہوتے ہیں، اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور اس کا مدارسہ کرتے ہیں، ان پر سکون نازل ہوتا ہے، اللہ کی رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے، فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں، اور اللہ ان کا ذکر اپنے فرشتوں میں کرتا ہے۔"

رسول اللہ ﷺ نے اس بات کو اپنی حدیث میں بیان کیا کہ جب لوگ اللہ کے گھروں میں جمع ہوتے ہیں اور قرآن کی تلاوت کرتے ہیں یا اس کی تعلیمات پر گفتگو کرتے ہیں، تو ان کے لیے چار عظیم فائدے ہوتے ہیں:

- سکون ملتا ہے—ان کی روح کو سکون اور سکینت ملتی ہے، جو ان کے دل اور ذہن کو آرام دیتا ہے۔
- اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے—اللہ اپنی رحمت سے انہیں اپنے سائے میں لے لیتا ہے، جو انہیں ہر مشکل اور تکلیف سے بچاتا ہے۔
- فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں—فرشتے، انہیں ان کی تعظیم اور احترام کے وجہ سے جو اللہ نے نظر میں ہے، انہیں گھیر لیتے ہیں۔
- اللہ ان کا ذکر فرشتوں میں کرتے ہیں—اللہ اپنے فرشتوں کے بیچ ان کا ذکر کرتے ہیں اور ان کی ثنا بیان کرتے ہیں۔

## مجالسِ علم اور اللہ کا فخری ذکر

رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ اپنے صحابہ سے پوچھا کہ آپ لوگ کس چیز کے لیے یہاں بیٹھے ہیں۔ صحابہ نے جواب دیا کہ ہم اللہ کا ذکر کر رہے

تھے،اسلام کی ہدایت پر اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پر کہا، "کیا تم صرف اللہ کے ذکر کے لیے یہاں بیٹھے ہو؟" صحابہ نے جواب دیا، "واللہ، ہم صرف اللہ کے ذکر کے لیے بیٹھے ہیں۔"

رسول اللہ ﷺ نے پھر بتایا کہ میں نے یہ اس لیے نہیں پوچھا کہ مجھے شک ہو، بلکہ اس لیے پوچھا کیونکہ جبریل ﷺ نے آکر مجھے بتایا کہ اللہ تمہارے ذکر کی وجہ سے فرشتوں پر فخر کر رہے ہیں۔ اللہ تمہارے اعمال کی فرشتوں کے سامنے تعریف کر رہے ہیں، اور انہیں تمہاری فضیلت کا ذکر کر رہے ہیں۔ یہ حدیث یہ ثابت کرتی ہے کہ علم کی مجلس میں اللہ کا ذکر کرنا، اور اللہ کا شکر ادا کرنا، کتنے عظیم فضائل رکھتا ہے۔

## مجالسِ علم کا مخلص شریک

جو لوگ علم کے لیے محفل میں بیٹھتے ہیں، ان پر فرشتوں کا سایہ ہوتا ہے۔ فرشتے ان کے لیے اللہ سے دعا کرتے ہیں اور ان کا ذکر اللہ کے حضور ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص بس ان لوگوں کے ساتھ مجلس میں بیٹھ جائے، تو وہ بھی اللہ کی مغفرت اور انعام کا مستحق بن جاتا ہے۔ شیخ ابن حسین رحمہ اللہ، اپنی مسجد میں درس دیتے تھے اور دنیا بھر سے طالب علم ان سے علم سیکھنے آتے تھے۔ ایک دفعہ درس کے دوران انہوں نے ایک شخص سے سوال کیا، "ہم نے ابھی کیا کہا؟" جب اس شخص نے جواب نہیں دیا، تو شیخ نے کہا، "تو پھر تم یہاں کیا کر رہے ہو؟" اس نے جواب دیا، "میں اس لیے بیٹھا ہوں کیونکہ علم سیکھنے والوں کے ساتھ بیٹھنے والا کبھی بھی محروم نہیں ہوتا۔" شیخ نے پھر کہا، "ہم تمہیں سکھانا چاہتے تھے، لیکن تم نے ہم سے سیکھ لیا۔" یہ ان کی عاجزی اور طالب علم کی اخلاص کو درشاتا ہے۔

## تین لوگ اور مجلس

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "پہلا شخص جو اللہ کے قریب ہوتا ہے، اللہ اسے اپنے قریب کر لیتا ہے۔ دوسرا جو شرما جاتا ہے، اللہ اس سے بھی شرما کرتا ہے۔ تیسرا جو دور ہو جاتا ہے، اللہ اسے بھی دور کر دیتا ہے۔"

اس حدیث سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ دین کے معاملے میں شرمانا نہیں چاہیے، آگے بڑھ کر سیکھنا چاہیے۔ پھر بھی اللہ ہمارے لیے راہیں آسان فرماتا ہے۔ جو شخص علم کے قریب ہو گا، وہ اللہ کے قریب ہو گا۔ اور جو علم سے دور ہو گا، وہ اللہ سے دور ہو گا

## Ilm aur Allah ka Zikr

Allah ne farmaya: "Mujhe yaad karo, main tumhe yaad karunga, aur mera shukar ada karo aur kufr na karo." (Surah Al-Baqarah, Ayat 152) Jo Allah ne hum par cheze farz ke hai, jab hum unhe ada karenge to Allah hume apni khair ne nawaze ga.

## Majalis-e-Zikr aur Ilm ka Makan

Majlis-e-Zikr, asal mein, Majalis-e-Ilm hai jahan Allah ki kitab aur taleemaat ka mudarasah hota hai. Rasulullah ﷺ ne farmaya:"Jo log Allah ke gharon mein jama hote hain, Allah ki kitab ki tilawat karte hain aur uska mudarasah karte hain, unpar sukoon nazil hota hai, Allah ki rehmat unhein dhamp leti hai, farishte unhein gher lete hain, aur Allah unka zikr apne farishton mein karta hai."

Rasulullah ﷺ ne is baat ko apni hadith mein bayan kiya ke jab log Allah ke gharon mein jama hote hain aur Quran ki tilawat karte hain ya uski taleemaat par guftagu karte hain, toh unke liye chaar azeem faiday hote hain:

Sukoon milta hai – Unki rooh ko sukoon aur sakoon milta hai, jo unke dil aur zehan ko sukoon deta hai.Allah ki rehmat dhaap leti hai – Allah apni rahmat se unhein apne saaye mein le leta hai, jo unhe har mushkil aur takleef se bachata hai.Farishte unhein gher lete hain – Farishte, unhe unki tazeem aur ihtaram ke wajah se jo Allah ne nazar me hai,unhe ghir lete hain.Allah unka zikr farishton mein karte hain – Allah apne farishton ke beech unka zikr karte hain aur un ke sana bayan karte hain.

## Majalis-e-Ilm aur Allah ka Fakhri Zikr

Rasulullah ﷺ ne ek martaba apne sahaba se poocha ke aap log kis cheez ke liye yahan baithe hain. Sahaba ne jawab diya ke hum Allah ka zikr kar rahe the, Islam ki hidayat par Allah ka shukr ada kar rahe the. Rasulullah ﷺ ne is par kaha, "Kya tum sirf Allah ke zikr ke liye yahan baithe ho?" Sahaba ne jawab diya, "WALLAH, hum sirf Allah ke zikr ke liye baithe hain."

Rasulullah ﷺ ne phir bataya ke maine yeh is liye nahi poocha ke mujhe shak ho, balki is liye poocha kyun ke Jibreel ﷺ ne aakar mujhe bataya ke Allah tumhare zikr ki wajah se farishton par fakhre kar rahe hain. Allah tumhare aamal ki farishton ke samne tareef kar rahe hain, aur unhein tumhari fazilat ka zikar kar rahe hain.

Yeh hadith yeh sabit karti hai ke ilm ki majlis mein Allah ka zikr karna, aur Allah ka shukr ada karna, kay kitne azeem fazail hain.

## Majalis-e-Ilm ka Mukhlis Shareek

Jo log ilm ke liye mehfil mein behte hain, un par farishton ka sayah hota hai. Farishte unke liye Allah se dua karte hain aur unka zikr Allah ke huzoor hota hai. Agar koi shaks bas un logon ke saath majlis mein beth jaye, to wo bhi Allah ki maghfirat aur inaam ka mustahiq ban jata hai. Sheikh Ibn Hussain **رحمہ اللہ**, apni masjid mein dars dete the aur duniya bhar se talib ilm unse ilm seekhne aate the. Ek dafa dars ke dauran unhone ek shaks se sawal kiya, "Hum ne abhi kya kaha?" Jab us shaks ne jawab nahi diya, to Sheikh ne kaha, "To phir tum yahaan kya kar rahe ho?" Us ne jawab diya, "Main is liye baitha hoon kyuki ilm seekhne walo kay sath baithne wala kabhi bhi mehroom nahi hota." Sheikh ne phir kaha, "Hum tumhe sikhna chahte the, lekin tum ne humse seekh liya." Yeh unki 'ajzi' aur student ki 'ikhlas' ko darshata hai.

## Teen log aur Majlis

Rasulullah ﷺ ne farmaya: **"**Pehla shaks jo Allah ke qareeb hota hai, Allah usay apne qareeb kar leta hai. Doosra jo sharma jata hai, Allah us se bhi sharma karta hai. Teesra jo door ho jata hai, Allah usay bhi door kar deta hai."

Is hadith se hume maloom hai kay deen kay mamle ke sharmana nahi chahiye ,agey barh kay sikhna chahiye, phir bhi hamare liye raahe asan farmata hai.Jo shaks ilm ke qareeb hoga, wo Allah ke qareeb hoga. Aur jo ilm se door hoga, wo Allah se door hoga.